Calgary

Livery Transport Services

اعلامیہ #007

LTS (لیوری نقل و حمل خدمات) لائسنس فیس سے متعلق اپ ڈیٹ **29 مارچ 2021**

گزشتہ پورے سال، کووڈ-19 کی وجہ سے ٹیکسی اور لیموزین کار کی صنعت متاثر رہی۔ اس صنعت کے شرکت کنندگان کی مالی مشکلات کا اعتراف کرتے ہوئے، انتظامیہ نے 15 مارچ 2021 کو سٹی کونسل کے پاس ایک رپورٹ پیش کی، جس میں لائسنس تجدید کی فیسوں پر 14 مئی 2022 تک کمی کرنے کی درخواست کی گئی تھی۔

سٹی کونسل نے درج ذیل کو منظوری دی:

- ٹیکسی اور لیموزین کار کے ڈرائیوروں کی لائسنس تجدید کی فیسوں کو معاف کر دیا جائے (141 ڈالر ← 0 ڈالر)
- ٹیکسی پلیٹ کی لائسنس تجدید فیس 50 فیصد کم کر دی جائے (912 ڈالر ← 456 ڈالر)
- لیموزین پلیٹ کی لائسنس تجدید فیس 50 فیصد کم کر دی جائے (731 ڈالر ←365.50 ڈالر)

ایک یاددہانی کے طور پر، ڈرائیوروں کے لئے اپنے ٹیکسی اور/یا لیموزین کار کے ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید کرانا ابھی بھی ضروری ہے؛ اس میں کیلگری پولیس سروس انفارمیشن چیک کو مکمل کرنا بھی شامل ہے۔ برائے مہربانی نوٹ کر لیں کہ، ٹیکسیپلیٹ کی تجدید جون میں ہوتی ہے اور لیموزین پلیٹ کی ستمبر میں۔

اگر آپ کو کوئی سوال ہو تو، برائے مہربانی ہماری آفس کو LTSengagement@calgary.ca پر ای میل کریں۔

بصد خلوص،

عبدالرفیع
چیف لائیوری انسپیکٹر
کیلگری کمیونٹی اسٹینڈرڈز